یہ کتابیں تحریف سے پاک ہیں ؟

آپ کے دوست کی یہ بات بھی قطعاً غلط ہے کہ بحرِ مُردار کے مخطوطات سے انجیل کی صحت ثابت ہوئی ہے ، بلکہ اس کے برعکس ان سے تو پوری عیسائی دنیا میں کھلبلی مچی ہوئی ہے ، کیونکہ ان کے مضامین مروّج انجیل سے بالکل مختلف ہیں ۔ آپ کے ہم جماعت یا تو جاہل ہیں یا محض دھونس جمانے کے لیے ایسی باتیں کرتے ہیں ۔ ان کی یہ بات بھی بالکل غلط ہے کہ حضرت موسیٰ نے یہ فرمایا تھا کہ آخری نبی حضرت عیسیٰ ہوں گے ۔ اگر ایسا ہوتا تو پھر حضرت مسیح یہ کیوں فرماتے کہ میرے بعد بھی ایک نبی آئے گا اور جب تک میں نہ جاؤں وہ نہ آئے گا ۔

تصحیح

تفہیم القرآن جلد اوّل ، صفحہ ۱۴۱ ، حاشیہ ۱۸۳ کے آخر میں حسبِ ذیل عبارت چھوٹ گئی ہے ، جن حضرات کے پاس یہ جلد موجود ہو وہ اس میں یہ اضافہ کر لیں ۔

اور انہیں حکم دیا گیا کہ بعد میں جب عذر باقی نہ رہے تو قضا کے اتنے روزے رکھ لیں جتنے رمضان میں ان سے چھوٹ گئے ہیں ۔